## الطاف حسین نے کے ای ایس سی کے برطرف ملازمین کی بحالی کیلئے تحریک چلانے کا اعلان کردیا

## برطرف کئے جانے والے ساڑھے چار ہزار ملازمین اور محنت کشوں کو فی الفوران کی نوکریوں پر بحال کیا جائے

## برطرف ملازمین صبر وتحمل سے کام لیں اور اپنی تحریک کو ہر قمیت پر پرامن رکھیں

لندن۔۔۔20،جنوری 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کے مالکان اور انتظامیہ سے ہنگامی بنیادوں پر پرزور مطالبہ کیا ہے کہ وہ کے ای ایس سی سے برطرف کئے جانے والے ساڑھے چار ہزار ملازمین اور محنت کشوں کو فی الفوران کی نوکریوں پر بحال کرنے کا اعلان کریں وگرنہ دوسری صورت میں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی اور کارکنان کے ای ایس سی کے برطرف ملازمین کی بحالی کیلئے اس وقت تک پرامن تحریک چلائیں گے جب تک کہ ایک ایک برطرف کیا جانے والا ملازم اور محنت کش اپنی ملازمت پر واپس بحال نہیں کردیا جاتا۔ جناب الطاف حسین نے تمام برطرف کئے جانے والے ملازمین اور محنت کشوں سے بھی پرزور اپیل کی کہ وہ صبر وتحمل سے کام لیں، کے ای ایس سی کی املاک یا نجی وسرکاری املاک کو ہرگز نقصان نہ پہنچائیں اور اپنی تحریک کو ہر قیمت پر پرامن رکھیں۔

## ایم کیو ایم تمام قومیتوں سے تعلق رکھنے والوں کی جماعت ہے، یوسف شاہوانی

## 30/جنوری 2011ء کو ہونے والا جلسہ انقلاب کی نوید ہوگا، اشفاق منگی

## خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں رکن رابطہ کمیٹی کی پریس کانفرنس

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے 30/جنوری 2011ء بروز اتوار کو لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں ایک بڑے جلسہ عام منعقد کرنے کا اعلان کیا ہے۔ یہ جلسہ متحدہ قومی موومنٹ میں شامل دیگر قومیتوں پختون، پنجابی، بلوچ، سندھی، ہزارے والے، سرائیکی، گلگتی، بلتی اور کشمیری کارکنوں کی اپنی خواہش کے احترام میں منعقد کیا جارہا ہے۔ اس کا اعلان متحدہ ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان یوسف شاہوانی، اشفاق منگی اور گلفر از خان خٹک نے جمعرات کو خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ان کے ہمراہ ایم کیو ایم کی کراچی مضافاتی کمیٹی اور متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی کے ذمہ داران بھی موجود تھے۔ یوسف شاہوانی نے کہا کہ یہ جلسہ ثابت کردے گا کہ ایم کیو ایم نا صرف اردو بولنے والے بلکہ تمام قومیتوں سے تعلق رکھنے والوں کی جماعت ہے۔ اس جلسہ سے اس پروپیگنڈے کا بھی خاتمہ ہوگا کہ ایم کیو ایم محض اردو بولنے والوں کی جماعت ہے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ عنقریب بلوچستان میں بھی ایم کیو ایم کے تحت ایک بڑا جلسہ عام منعقد ہوگا، بلوچستان میں ایم کیو ایم کے 30 اضلاع میں دفاتر موجود ہیں۔ رکن رابطہ کمیٹی اشفاق منگی نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ پنجاب میں بھی ایم کیو ایم کا ایک بڑا جلسہ عام ہونے جارہا ہے، ایک اور سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے مسئلے پر ایم کیو ایم نے اپنے موقف کا بارہا اظہار کیا ہے اس مقصد کیلئے ریلیاں بھی ماضی میں نکالی گئی ہیں اور بلوچستان کے مسئلے کے حل کیلئے ایم کیو ایم کی عملی کوششیں اب بھی جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے مخالفین کی جانب سے لوگوں میں یہ منفی پروپیگنڈا کیا جاتا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ صرف اردو بولنے والوں کی جماعت ہے اور اس کے عوامی نمائندے بھی صرف اردو بولنے والے ہوتے ہیں اور اس کے مرکزی شعبوں میں بھی اردو بولنے والوں کے علاوہ کوئی اور زبان بولنے والا موجود نہیں ہے یہ تاثر قطعی طور پر غلط اور بے بنیاد ہے، 30/جنوری 2011ء کو ہونے والا جلسہ انقلاب کی نوید ہوگا۔ حقیقت یہ ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ کے پلیٹ فارم سے اردو بولنے والوں کے علاوہ دیگر قومیتوں سے تعلق رکھنے والے افراد انتخابات میں نہ صرف حصہ لیتے رہے ہیں بلکہ اس میں شاندار اور تاریخی کامیابی بھی حاصل کی ہے اور آج بھی وہ عوامی نمائندگی کے حوالے سے ایوانوں میں اپنا فرض ادا کررہے ہیں جس کی مثال سینیٹ، قومی اسمبلی، صوبائی اسمبلی آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان قانون ساز اسمبلی ہے جہاں ایم کیو ایم کے دیگر قومیتوں کے حق پرست نمائندے بھی کام کررہے ہیں۔ متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی سے لیکر شعبہ جات، زون، سیکٹر اور یونٹ کی سطح پر مختلف زبانیں بولنے والے ذمہ داران نہ صرف شامل ہیں بلکہ معمول کے مطابق اپنے تنظیمی فرائض بھی انجام دے رہے ہیں، ایم کیو ایم کا پنجاب، سندھ، بلوچستان، خیبر پختونخواہ، آزاد کشمیر، اور گلگت بلتستان میں تنظیمی ڈھانچہ اور اسکے ذمہ دار و کارکنان بڑی تعداد میں موجود ہیں۔ ایم کیو ایم ایک ملک گیر جماعت ہے جس کی مضبوط جڑیں ملک بھر میں موجود ہیں۔ گزشتہ دنوں پنجاب میں بیک وقت تین مقامات پر ہونیوالے تاریخی کنونشن اور سندھ میں بھٹ شاہ میں ہونیوالے جلسہ عام سمیت ایم کیو ایم کے ملک بھر میں ہونے والے بڑے بڑے عوامی اجتماعات میں مختلف زبانیں بولنے والے مسائل زدہ محروم ومظلوم عوام کی کثیر تعداد نے شرکت کرکے ثابت کردیا ہے متحدہ قومی موومنٹ میں تمام قومیتوں کے افراد شامل ہیں اور متحدہ قومی موومنٹ ایک مضبوط قومی

جماعت کی حیثیت سے پورے ملک کے عوام کے مسائل کے حل کیلئے پارلیمنٹ سمیت ہرسطح پر جدوجہد کررہی ہے۔انہوں نے واضح کیا کہ سندھ کے تاریخی شہر بھٹ شاہ میں سندھی بولنے والے عوام کے مثالی جلسہ عام کے بعد مختلف قومیتوں سے تعلق رکھنے والے کارکنوں کی خواہش پر متحدہ قومی موومنٹ کے زیر اہتمام مورخہ 30رجنوری بروز اتوار کوعزیز آباد کے لال قلعہ گراؤنڈ میں ایک بڑا جلسہ عام منعقد کیا جارہا ہے جس میں کراچی سے تعلق رکھنے والے پختون، پنجابی، بلوچ،سندھی، ہزارے وال،سرائیکی، گلگتی ،بلتی، کشمیری عوام بڑی تعداد میں شرکت کریں گے۔اس جلسہ عام سے قائد تحریک جناب الطاف حسین ٹیلیفونک خطاب فرمائیں گے۔واضح رہے کہ اس جلسہ میں صرف مذکورہ قومیتوں سے تعلق رکھنے والے عوام ہی شریک ہونگے اوراس میں اردو بولنے والے شریک نہیں ہونگے ۔ہمیں امید ہے کہ تمام قومیتوں سے تعلق رکھنے والے حق پرست عوام بہت بڑی تعداد میں اس جلسہ میں شرکت کر کے ثابت کردینگے کہ وہ متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی قیادت ،طرز سیاست وخدمت ،نظریے،فکر، مقصداور مشن پر بھر پور اعتماد کرتے ہیں اورانہیں ہی اپنا نجات دہندہ سمجھتے ہیں۔ یہ جلسہ عام مختلف قومیتوں کا ایک خوشنما گلدستہ اور تمام قومیتوں کے درمیان عظیم اتحاد، بے مثال بھائی چارہ اور یکجہتی کا مظاہرہ ہوگا۔انہوں نے کہا کہ ہم آپ کے توسط سے کراچی کے پختون، پنجابی، بلوچ،سندھی، ہزارہ وال،سرائیکی، گلگتی ،بلتی، کشمیری سمیت دیگر قومیتوں سے تعلق رکھنے والے بھائیوں بزرگوں اور ماؤں بہنوں سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ اس جلسہ عام میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کریں اوراپنے اتحاد سے ثابت کردیں کہ ایم کیوایم تمام قومیتوں، اورثقافتی اکائیوں کی واحد نمائندہ جماعت ہے اورملک کے تمام محروم ومظلوم عوام اس کے پلیٹ فارم سے فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور موروثی نظام کوختم کرنے کی جدوجہد کررہے ہیں۔انشاء اللہ محروم ومظلوم قومیتوں کی یہ مشترکہ جدوجہد کامیابی سے ضرور ہمکنار ہوگی اورایک دن پورے ملک کے محروم ومظلوم عوام کوفرسودہ جاگیردارانہ نظام سے چھٹکارا حاصل ہوگا اورملک میں غریب ومتوسط طبقہ کا انقلاب برپا ہوگا۔

## کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی میں محنت کشوں کی جبری برطرفی کا نوٹس لیا جائے ،رابطہ کمیٹی

## ادارے سے ملازمین کی برطرفی کھلا ظلم ہے،انتظامیہ ایسے اقدامات سے باز رہے

کراچی ۔۔۔20رجنوری 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کی انتظامیہ کی جانب سے ادارے سے 4ہزار سے زائد محنت کشوں کی یک جنبش قلم برطرفی کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اوراس اقدام کوملازمین کا اجتماعی معاشی قتل عام اور ظالمانہ اقدام قرار دیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ملک میں پہلے ہی بے روزگاری اورمہنگائی میں تیزی سے اضافہ ہورہا ہے جس کے باعث غربت بلندترین سطح پر پہنچ چکی ہے ایسے وقت میں جب مہنگائی ، بے روزگاری اورغربت عروج پر ہے کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کی انتظامیہ کی جانب سے چار ہزار زائد محنت کشوں کی جبراً برطرفی کھلا ظلم ہے اورنہ صرف انہیں معاشی قتل عام کی جانب دھکیلنے کے مترادف ہے بلکہ کھلی مزدور دشمنی ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کے ملازمین دن رات محنت ولگن سے کام کررہے ہیں اورتمام تر نامناسب وسائل کے باوجود ادارے کو چلارہے ہیں ایسے محنت کشوں کی جبراً برطرفی لیبر قوانین کی کھلی خلاف ورزی اورانتہائی ظالمانہ اقدام ہے جسے محنت کش کسی صورت قبول نہیں کریں گے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ نئی انتظامیہ ملازمین کو برطرف کرنے بجائے شہر میں جاری غیراعلانیہ لوڈشیڈنگ کے خاتمے کیلئے ادارے کی کارکردگی کو بہتر بنائے اور پیداواری یونٹس میں اضافہ کرے اورشہریوں کولوڈشیڈنگ سے نجات دلائے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کی انتظامیہ کی جانب سے ملازمین کو یک جنبش قلم برطرف کرنے کے ظالمانہ اقدام کے نہ صرف خلاف ہے بلکہ برطرف ملازمین کے ساتھ ہے اوران کی بحالی کیلئے ہرسطح پرآواز احتجاج بلند کرے گی۔رابطہ کمیٹی نے صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی ، گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد اوروزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی سے محنت کشوں کی برطرفی کا سختی سے نوٹس لیا جائے ،تمام محنت کشوں کوفی الفور بحال کیا جائے اورادارے کی انتظامیہ کو پابند کیا جائے کہ وہ اس قسم کے ظالمانہ اقدامات سے باز رہے۔

## شاہ عبداللطیف بھٹائی کی تعلیمات دنیا بھر کے انسانوں کیلئے مشعل راہ ہیں، شعبہ خواتین
## شاہ بھٹائی کی تعلیمات پر عمل کرتے ہوئے قائد تحریک الطاف حسین نے ہمیشہ امن وآشتی اور پیار و محبت درس دیا
## جناح گراؤنڈ عزیز آباد یادگار شہداء حق پر خواتین کے اجتماع سے خطاب

کراچی۔۔۔20/جنوری 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین کے زیر اہتمام عزیز آباد کے جناح گراؤنڈ سے متصل یادگار شہداء حق پر خواتین کا ایک اجتماع منعقد کیا گیا جس میں کراچی کے مختلف سیکٹرز اور یونٹس سے تعلق رکھنے والی خواتین ذمہ داران وکارکنان نے بہت بڑی تعداد میں شرکت کی ۔ بدھ کے روز ہونیوالے خواتین کے اجلاس میں شاہ عبدالطیف بھٹائیؒ کو بھرپور انداز مین خراج عقیدت پیش کیا اوران کے 267ویں سالانہ عرس پر شاہ عبدللطیفؒ کی شاعری اور تعلیمات پر روشنی ڈالی گئی ۔ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے شعبہ خواتین کی انچارج کشور زہرہ اور جوائنٹ انچارج محترمہ نائلہ لطیف نے کہا کہ سندھ کے عظیم صوفی شاعر شاہ عبداللطیف نے ہمیشہ امن اور بھائی چارے کا درس دیا اور اپنی شاعری سے محبت، اخوت اور سلامتی کے پیغام کو عام کیا۔ شاہ عبدالطیف بھٹائیؒ نے انسانی معاشرے کی بہتری اور خالق انسان کا پیغام عام کرنے میں بھرپور کردار ادا کیا یہ ہی وجہ ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین ہمیشہ شاہ عبدالطیف کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہیں اوران کی تعلیمات کو اپنے عمل وکردار میں ہمیشہ پیش نظر رکھتے ہیں ۔ احترام انسانیت کے ایک بڑے علمبر دار کی حیثیت سے اپنے عقیدت مندوں میں ان کا ایک اعلیٰ اور ارفع مقام ہے اوران کے عقیدت مندوں ہر مسلک اور مذہب رنگ ونسل اور ذات پات کے لوگ شامل ہیں ۔ انہوں نے کہا کہ شاہ عبدالطیف کی تعلیمات دنیا بھر کے عوام کیلئے مشعل راہ ہیں ان کی تعلیمات سے سندھ امن وآشتی کا گہوارہ بنا اور انہی تعلیمات کی بدولت سندھ دھرتی پر اسلامی تہذیب وتمدن کی کرنیں پھوٹیں اوران کی علوم و فیوض کا سر چشمہ آج بھی جاری وساری ہے ان کے افکار ونظریات دلوں کے قریب تر محسوس ہوتے ہیں طویل عرصہ گزرنے کے باوجود شاہ سائیں کا کلام ہماری رہنمائی کرتا محسوس ہوتا ہے ۔ شعبہ خواتین نے شاہ عبدالطیف بھٹائیؒ کو بھرپور انداز مین خراج عقیدت پیش کیا اور شاہ صاحب کے کلام میں خواتین کی بہادری اور اعلیٰ کردار کا تذکرہ ہے جبکہ قائد تحریک نے تحریک میں خواتین کو نہ صرف اہمیت دی بلکہ تحریک کا ہراول دستہ قرار دیا ۔ انہوں نے شرکاء خواتین پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ضرورت اس امر کی ہے کہ شاہ لطیف کی شاعری اور قائد تحریک کے اعتماد کی عملی شکل اختیار کرلیں ۔

## ایم کیوایم کے وفد کی راغب مرادآبادی مرحوم کی تدفین میں شرکت

کراچی۔۔۔20/جنوری 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست صوبائی وزیر عبدالرؤف صدیقی اور ارکان قومی وصوبائی اسمبلی سفیان یوسف، امام الدین شہزاد کے ہمراہ ایم کیوایم کے ذمہ داران نے تحریک پاکستان کے رکن اور ممتاز شاعر راغب مرادآبادی کی نماز جنازہ اور تدفین میں شرکت کی اور مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی ۔ راغب مرادآبادی مرحوم کو سینکڑوں سوگواران کی موجودگی میں پاور ہاؤس قبرستان فیڈرل بی ایریا میں سپرد خاک کیا گیا اس سے قبل مرحوم کی نماز جنازہ غفران مسجد بلاک 16 فیڈرل بی ایریا میں ادا کی گئی ۔ نماز جنازہ اور تدفین میں مرحوم کے عزیز واقارب کے علاوہ شعراء کرام، دانشور، ادیبوں و پروفیسرز حضرات اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بہت بڑی تعداد میں شرکت کی ۔

## تمام سیاسی جماعتیں ملک میں قائم امن کیلئے اسلحہ سے پاک پاکستان بل کی حمایت کریں، زونل انچارج میر پور خاص

میر پور خاص۔۔۔20/جنوری 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ میر پور خاص زون کے انچارج عظیم دانش وار اکین زونل کمیٹی نے ایم کیوایم کی جانب سے ملک میں امن وامان کے قیام کیلئے اسلحہ سے پاک پاکستان بل 2011ء قومی اسمبلی اور سینیٹ میں پیش کرنے کو عملی اقدام قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کو قائداعظم محمد علی جناح کا پاکستان بنانے کیلئے غیر قانونی اسلحہ سے پاک پاکستان بنانے کیلئے نجی اسلحہ ساز فیکٹریوں کو ختم کرکے اسلحہ کی نقل وعمل کو روکنا ہوگا ۔ انہوں نے کہا کہ اب ضرورت اس بات کی ہے کہ پارلیمنٹ میں موجود تمام سیاسی جماعتوں کے سربراہان خلوص دل کیساتھ پورے ملک کو اسلحہ فری بنانے کی جدوجہد میں ایم کیوایم کا بھرپور ساتھ دے کر ملک درپیش تمام بحرانوں سے نکالنے کیلئے اپنا کردار ادا کریں ۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب میں جرائم کی تیزی سے بڑھتی ہوئی وارداتوں، قتل وغارت گری اور خواتین کی بے حرمتی کے واقعات نے پنجاب کا امن غارت کردیا ہے جبکہ پنجاب حکومت نے پورے پنجاب

کو پولیس اسٹیٹ بنادیا ہے جس کی روک تھام کیلئے نہ صرف پنجاب کے عوام میں مایوسی بڑھ رہی ہے بلکہ ان میں عدم تحفظ کا احساس بڑھ رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ہمیشہ اپنے کارکنان کو قانون کے احترام، معاشرے میں امن وامان اور بھائی چارے کے فروغ کا درس دیا ہے اور یہی وجہ ہے کہ ایم کیوایم نے ہمیشہ دہشت گردی اور قانون شکنی کی مخالفت کی ہے بلکہ اس کا عمل مظاہرہ بھی کیا۔انہوں نے مزید کہا کہ کرپٹ سیاسی کلچر اور مذہب کے ٹھیکیداروں کی وجہ سے ملک میں دہشت گردی ایک ناسور طرح پھیل رہی ہے اور پنجاب سمیت ملک بھر میں شہر شہر، گلی گلی بیگناہ معصوم لوگوں کو اپنے ناپاک مقاصد کی تکمیل کیلئے موت کے گھات اتار رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایسے حالات میں ضرورت اس بات کی ہے کہ دہشت گردی کو جڑ سے اکھاڑ پھینکا جائے اور ملک کو امن کا گہوارہ بنانے کیلئے غیر قانونی اسلحہ بنانے والی فیکٹریوں کا فی الفور خاتمہ کیا جائے۔

## ایم کیوایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی:۔۔۔20جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ملتان زون ضلع راجن پور کے ڈسٹرکٹ انچارج سکندر گوپانگ کے بھائی ظفر اقبال گوپانگ، اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ A-118 کے کارکن محمد امجد کے والد احمد حسین، پی آئی بی سیکٹر یونٹ 57 کے کارکن عامر عزیز صدیقی کے بھائی شمیم صدیقی، لانڈھی سیکٹر یونٹ 90 کے کارکن کلیم احمد کی والدہ محترمہ کلثوم بیگم اور متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی تیسر ٹاؤن سیکٹر یونٹ 5 کے کارکن عبدالرحمٰن کے والد حاجی جلال الدین سلیمان خیل کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی مرحومین کے تمام لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆